# جوڑوں کے درد کی دوائی INFLIXIMAB

اینٹی TNF ادویات دو قسم کی ہیں جو INFLIXIMAB اور بازار میں REMICADE کے نام سے دستیاب ہے۔ RHEUMATOID ARTHRITIS کے مریضوں میں ایک پروٹین جسے TNF کہتے ہیں خون اور جوڑوں میں وافر مقدار میں موجود ہوتی ہے جو سوجن پیدا کرتی ہے ANTI-TNF ادویات یہ اثر روکتی ہیں۔ اس طرح یہ ادویات RHEUMATOID ARTHRITIS کے مریضوں میں کارآمد ثابت ہوتی ہیں۔

## دوائی کیوں دی جا رہی ہے؟

INFLIXIMAB حال ہی میں RHEUMATOID ARTHRITIS کے مریضوں کے لئے دستیاب ہے۔ یہ دوائی صرف اُس صورت میں استعمال کی جاتی ہے اگر ACTIVE RHEUMATOID ARTHRITIS ہو اور آپ نے METHOTREXATE اور دوسری دوائیاں جیسے SULPHASALAZINE، GOLD INJECTION اور PENICILLAMINE استعمال کر چکے ہیں۔ یہ اُس صورت میں بھی دی جا سکتی ہے اگر باقی ادویات نہ استعمال کی جا سکیں صرف جوڑوں کے درد کے ماہر کنسلٹنٹ ہی آپ کو دے سکتا ہے۔

یہ دوائی ان صورتوں میں نہیں دی جاتی اگر

* آپ کو ACTIVE RHEUMATOID ARTHRITIS نہیں۔
* آپ نے STANDARD علاج نہیں استعمال کیا۔
* آپ کو حمل (PREGNANT) ہے یا بچے کو دودھ پلا رہی ہیں۔
* آپ کو کوئی بیماری ہے (INFECTION)

آپ کا ڈاکٹر ہو سکتا ہے INFLIXIMAB نہ دے کیونکہ

* آپ کو ٹی بی تھی
* آپ کو بار بار بیماری لاحق ہے
* آپ کو سرطان ہے (CANCER)

## کتنی اور کب دوائی استعمال کرنی چاہیے؟

INFLIXIMAB رگ میں دوائی کے طور پر دی جاتی ہے (یعنی ڈرِپ کے ذریعہ) آپ کو یہ دوائی لینے کے لئے ہر دفعہ ہسپتال جانا پڑے گا۔ یہ دوائی دو گھنٹوں میں دی جاتی ہے اور مزید ایک یا دو گھنٹے کے وقفے کے بعد دی جاتی ہے اور پھر اُس کے چار ہفتوں بعد تیسری خوراک کے بعد ہر آٹھ ہفتوں بعد یہ ٹیکہ مسلسل دیا جائے گا۔

## میں کب بہتر محسوس کروں گا؟

اگر INFLIXIMAB نے آپ پر اثر کیا تو آپ دو سے بارہ ہفتوں میں بہتر محسوس کریں گے۔

## مضر اثرات کیا ہو سکتے ہیں؟

INFLIXIMAB سے نزلہ، زکام، ناک بند، سر درد، چکر، RASH، پیٹ میں درد یا بدہضمی ہو سکتی ہے۔ اگر بخار ہو گلہ خراب ہو یا کوئی اور بیماری ہو تو فوراً اپنے ڈاکٹر یا جوڑوں کے درد کی ماہر نرس سے رابطہ کریں۔

بعض اوقات INFLIXIMAB سے لوگوں کو الرجی ہوتی ہے۔ اگر یہ آپ کے ساتھ بھی ہو تو دوائی بند کرنی پڑے گی۔

کبھی کبھی کچھ لوگوں کو اس دوائی سے ایک بیماری (جسے DRUG-INDUCED LUPUS کہتے ہیں) ہو جاتی ہے۔ جو عام طور پر معمولی ہوتی ہے۔ ان کی علامات بخار اور جوڑوں میں مزید درد ہے آپ کا جوڑوں کا ڈاکٹر خون کے ٹیسٹ کے ذریعہ اسے ٹیسٹ کرے گا۔ اگر آپکو یہ ہو جائے تو یہ دوائی بند کر دی جائے اور یہ بیماری خود بخود غائب ہو جائے گی۔ چونکہ یہ دوائی نئی ہے اِس لئے اسکے دور رس نتائج ابھی معلوم نہیں ہیں۔

## اگر میں INFLIXIMAB لوں تو کوئی خاص ٹیسٹ کی ضرورت ہے؟

دوائی شروع کرنے سے پہلے آپ کی چھاتی کا ایکسرے اور خون کے ٹیسٹ کروائے جائیں گے اور پھر دوائی کو جانچنے کے لئے مزید خون کے ٹیسٹ کروائے جائیں گے۔

## کیا میں دوسری دوائیاں بھی اس دوائی کے ساتھ استعمال کر سکتا ہوں؟

زیادہ تر لوگ جنہیں INFLIXIMAB دی جارہی ہے اُنہیں METHOTREXATE بھی دی جاتی ہے۔ اگر آپ METHOTREXATE لے رہے ہیں تو NSAIDs لیتے وقت خاص احتیاط کریں۔ آپ یہ صرف تب لے سکتے ہیں جب آپ کا ڈاکٹر آپ کو استعمال کرنے کی اجازت دے۔ اگر آپ کوئی نئی دوائی لیں یا کوئی ڈاکٹر آپ کو نئی دوائی شروع کروائے تو آپ کو اُسے INFLIXIMAB کے بارے میں ضرور آگاہ کرنا چاہیے۔

INFLIXIMAB درد کی دوائی نہیں ہے اس لئے اگر آپ درد کی دوائی لے رہے ہیں تو وہ جاری رکھیں جب تک کہ آپ کا ڈاکٹر آپ کو استعمال کرنے سے نہ روکے۔

کوئی بھی دوائی جو بازار میں عام دستیاب ہو وہ اپنے ڈاکٹر، جوڑوں کے درد کی ماہر نرس یا دواساز کے مشورہ کے بغیر نہ استعمال کریں۔

## کیا میں شراب پینا جاری رکھ سکتا ہوں؟

اگر آپ INFLIXIMAB استعمال کر رہے ہیں تو شراب پی سکتے ہیں مگر کیونکہ یہ دوائی اکثر METHOTREXATE کے ساتھ استعمال کی جاتی ہے اور شراب اور METHOTREXATE دونوں جگر پر اثر کرتی ہیں اس لئے کم مقدار میں شراب استعمال کرنی چاہیے۔

## اگر میں بچہ چاہتی ہوں تو؟

INFLIXIMAB کا اثر بچہ جو پیٹ میں ہے اُس کے بارے میں کسی کو معلوم نہیں۔ وہ عورتیں جو بچہ پیدا کر سکتی ہیں اُنہیں مانع حمل ادویات استعمال کرنی چاہیے۔ اگر وہ INFLIXIMAB لے رہی ہیں اور اگر آپ بچہ پیدا کرنے کے بارے میں سوچ رہی ہیں یا مانع حمل ادویات استعمال نہیں کر رہی ہیں تو INFLIXIMAB استعمال نہ کریں۔

اگر آپ INFLIXIMAB لے رہے ہیں تو اُس کی آخری خوراک کے کم از کم چھ مہینوں تک تجویز کیا جاتا ہے کہ عورتیں حاملہ نہ ہوں اور مرد بچہ پیدا نہ کریں۔

## بچہ کو دودھ پلا سکتی ہوں؟

یہ دوائی دودھ میں جا سکتی ہے اور بچہ کو نقصان کے بارے میں کسی کو معلوم نہیں۔ اس لئے بہتر ہے کہ دودھ نہ پلایا جائے۔

## کیا INFLIXIMAB کسی اور بیماری کے لئے بھی دی جاتی ہے؟

ہاں یہ وہ لوگ جنہیں شدید قسم کی CROHN 'S DISEASE (آنت کی بیماری) ہے اُنہیں دی جا سکتی ہے۔ اور یہ جوڑوں کی ایک اور بیماری ANKYLOSING SPONDYLITIS میں بھی دی جاتی ہے۔

## مزید معلومات کہاں سے حاصل کروں؟

اگر آپ کے بارے میں مزید معلومات چاہتے ہیں یا علاج کے بارے میں فکر مند ہیں تو اپنے ڈاکٹر، جوڑوں کے درد کی ماہر نرس یا دواساز سے رابطہ کریں۔ مزید معلومات مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے حاصل کریں۔ www.remicade.com

**تمام دوائیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں**